PRESS RELEASE

For immediate release
December 7, 2023

ایس ای سی پی نے انٹرنیشنل فنانشل رپورٹنگ اسٹینڈرڈ IFRS-17 عمل درآمد کا ٹائم فریم جاری کر دیا

اسلام آباد (7 ستمبر) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے انشورنس/تکافل اور ری انشورنس انڈسٹری کے مالیاتی رپورٹنگ کے معیارات کو بہتر بنانے کے لیے انٹرنیشنل فنانشل رپورٹنگ اسٹینڈرڈ 17 (IFRS) پر عمل درآمد کے حوالے سے ٹائم فریم کا نوٹیفیکیشن جاری کر دیا ہے۔ فنانشل رپوٹنگ کا یہ معیار بیمہ کمپنی کے اکاوئنٹ میں مزید شفافیت اور شراکت داروں کے لئے معلومات کی فراہمی کا تقاضا کرتا ہے۔ تمام سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے بیمہ اکاوئنٹ کا اسٹینڈرڈ IFRS17 پر عمل درآمد کا ٹائم فریم یکم جنوری 2016 مقرر کیا گیا ہے۔

واضح رہے کہ بین الاقوامی اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز بورڈ نے IFRS 4-انشورنس کنٹریکٹس کو یکم جنوری 2023 سے IFRS 17 سے تبدیل کر دیا ہے۔ IFRS 17 پر موئثر عمل درآمد کے لیے ایس ای سی پی نے انشورنش انڈسٹری کے لیے چار مراحل تجویز کیے ہیں۔ اس سلسلہ میں انشورنس انڈسٹری نے پہلے مرحلہ کو کامیابی سے مکمل کر لیا ہے۔